"آپ کی یہ باتیں بہت دلچسپ ہیں، مگر لوگ آپ کو نظر انداز کیوں کرتے ہیں؟" وہ مسکرا کر بولے، "شاید اس لیے کہ میں نظر نہیں آتا، بس خاموشی سے اپنا کام کرتا ہوں۔ مگر جب میری کمی ہوتی ہے، تب لوگوں کو احساس ہوتا ہے کہ میں کتنا ضروری ہوں۔" میں نے گہری سانس لی اور کہا، "واقعی، آج آپ سے مل کر اندازہ ہوا کہ آپ کتنے اہم ہیں۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ آئندہ آپ کو نظر انداز نہیں کروں گا۔" میگنیشیم نے مسکراتے ہوئے ہاتھ بڑھایا، "یہی تو میں چاہتا تھا اور یہی بتانے آیا تھا کہ صحت مند زندگی کا راز یہی ہے کہ آپ اپنی خوراک اور طرزِ زندگی میں میری مقدار کا خیال رکھیں۔" یہ کہہ کر وہ جانے لگے تو میں نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا اب ہم آپ کو کہیں نہیں جانے دیں گے . آپ یہیں رہیں گے ہمارے ساتھ..

میگنیشیم کا شمار ان منرلز میں کیا جاتا ہے جو انسانی جسم کے مدافعتی نظام کو صحت مند رکھنے، ہڈیوں کو مضبوط کرنے اور دل کے امراض سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں،پتوں والی سبزیوں میں میگنیشیم بڑی تعداد میں پایا جاتا ہے، ماہرین پالک کو میگنیشیم کا ایک اہم ذریعہ تسلیم کرتے ہیں ان کے مطابق ایک کپ پکے ہوئے پالک میں 157ملی گرام میگنیشیم پایا جاتا ہے۔ میگنیشیم انسانی جسم میں ہڈی , دماغ , عضلات , پٹھوں , ریڑھ کی ہڈی اور دانتوں کے لئے لازمی جزو مانا جاتا ہے میگنیشیم انسانی جسم میں جذبات کمی ،اعضاء کی کمزوری ،بے چینی ،غنودگی ،گھبراہٹ میں نظام عصبی ،نظام عضلات جیسے نظام کو کنٹرول کرتا ہے۔ میگنیشیم ڈی این اے میں ہونے والی مضر تبدیلیوں کو روکنے کے فرائض بھی سرانجام دیتا ہے جو آگے چل کر سرطان جیسے خوفناک مرض سمیت کئی امراض کی وجہ بن سکتا ہے ۔

کیلا دنیا بھر میں لوگوں کے پسندیدہ پھلوں میں سے ایک ہے اعلیٰ مقدار میں پوٹاشیم موجود ہونے کے سبب کیلا بلڈ پریشر کو کم کرکے دل کے امراض سے بچاومیں بھی مددگار ہے ۔لیکن کیا آپ جانتے ہیں کیلا میں میگنیشیم کی بھی خاصی مقدار پائی جاتی ہے ایک بڑا کیلا37ملی گرام میگنیشیم سے بھرپور ہوتا ہے ایک کیلے میں سیب کی نسبت 4گنا زیادہ پروٹین ،دوگنا زیادہ کاربو ہائیڈریٹس، تین گنا زیادہ فاسفورس ، پانچ گنا زیادہ وٹامن اور آئرن اور دوگنا زیادہ دوسرے وٹامنز اور معدنیات شامل ہوتے ہیں۔

طبی ماہرین کے مطابق جوان مرد اور عورت کو 350ملی گرام سے 430 ملی گرام یومیہ میگنیشیم کی ضرورت ہوتی ہے۔حاملہ یا وہ عورتیں جو بچوں کو دودھ پلاتی ہیں ان کو 450ملی گرام سے 500ملی گرام تک یومیہ میگنیشیم کی ضرورت ہوتی ہے اور چھوٹے بچوں کے لیے 100 سے 150 ملی گرام تک ضرورت ہوتی ہے۔ڈارک چاکلیٹ میگنیشنیم حاصل کرنے کا سب سے آسان ذریعہ ہے۔ ایک اونس ڈارک چاکلیٹ میں 64ملی گرام میگنیشیم کی مقدار موجود ہوتی ہے۔

برطانیہ کی یونیورسٹی آف ایڈن برگ اور کیمبرج یونیورسٹی کے تحقیق کاروں کے نتائج کے مطابق میگنیشیم ایک ایساعنصر ہے جو ڈارک چاکلیٹ، میں خاصی مقدار میں موجود ہوتا ہے۔کیلا میں بھی میگنیشیم کی خاصی مقدار پائی جاتی ہے ایک بڑا کیلا37ملی گرام میگنیشیم سے بھرپور ہوتا ہے ایک کیلے میں سیب کی نسبت 4گنا زیادہ پروٹین ، دوگنا زیادہ کاربو ہائیڈریٹس، تین گنا اور آئرن اور دوگنا زیادہ دوسرے وٹامنز اور معدنیات شامل Aزیادہ فاسفورس ، پانچ گنا زیادہ وٹامن ہوتے ہیں۔ تاہم اب سب سے اہم سوال یہ ہے کہ وہ کونسے ماخذ ہیں جن کے ذریعے میگنیشیم کا حصول بآسانی ممکن ہوسکتا ہے ۔ میگنیشیم کا حصول کسی ایک غذا کے بجائے کئی غذوں سے بآسانی ممکن ہے آئیے بات کرتے ہیں ان غذاوں پر جن کے ذریعے میگنیشیم بآسانی حاصل کیا جاسکتا ہے ۔

پتوں والی سبزیاں صحت کے لئے بے حد فائدہ مند (Leafy Green پتوں والی سبزیاں) ہوتی ہیں کیونکہ ان میں میگنیشیم بڑی تعداد میں پایا جاتا ہے۔ماہرین کے مطابق سپلیمنٹ کی بجائے اگرسبز پتوں والی سبزیاں استعمال کیا جائے کیونکہ ان میں میگنیشیم کی بڑی مقدار موجود ہوتی ہے تو بلڈ پریشر جیسے مرض پر بھی قابو پایا جاسکتا ہے۔ماہرین پالک کو میگنیشیم کا ایک اہم ذریعہ تسلیم کرتے ہیں ان کے مطابق ایک کپ پکے ہوئے پالک میں 157ملی گرام میگنیشیم پایا جاتا ہے۔ یہ سبزیاں میگنیشیم کے علاوہوٹامن اے، وٹامن سی، وٹامن کے اور آئرن کے حصول کا ذریعہ بھی سمجھی جاتی ہیں۔

ہرے پتے والی سبزیاں میگنیشیم کے علاوہ وٹامن اے، وٹامن سی، وٹامن کے اور آئرن کے حصول کا ذریعہ بھی سمجھی جاتی ہیں۔

اناج میں گندم ،جو ، اور دیگر غذائی اجزاء شامل ہیںمختلف اناج ہماری روزمرہ غذا کا ایک اہم حصہ ہیں۔جو بظاہر معمولی نوعیت کی ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ انتہائی طاقتور غذائیں ہیں۔ مکمل اناج کو سلینیم ،وٹامن بی ،فائبر کا اہم ذریعہ مانا جاتا ہےاناج میں جسم کو توانائی بخشنے والے اجزاءکی خاصی مقدار پائی جاتی ہے۔ ماہرین کے مطابق اناج میں میگنیشیم کے علاوہ 80فیصد نشاستہ' لحمیات اور فاسفورس کی بڑی مقدار موجود ہوتی ہے۔ اناج بہت سی غذائیت بڑے پیمانے پر شامل ہوتی ہیں یہ زنک، تانبا، میگنیشیمَ، آئرن اور تھائیم پر مشتمل ہوتا ہے۔ طبی ماہرین کی جانب سے کی گئی تحقیق کے مطابق اگر زیادہ لوگ اناج کو غذا کے طور پر شامل کرلیں تو ہر سال ہزاروں جانیں بچائی جا سکتی ہیں۔

گری دار میوے : میوے بھی اعلیٰ مقدار میں میگنیشیم کا ذریعہ مانے جاتے ہیں جن میووں میں میگنیشیم کی بھاری مقدار پائی جاتی ہے ایک اونس بادام میں 60 ملی گرام، خشک انجیر میں 50 ملی گرام پائی جاتی ہے جبکہ بادام ،کاجو ایسے گری دار میوے ہیں جن میںمگنیشیم کی زیادہ مقدار پائی جاتی ہے میووں کی تاثیر گرم ہونے کے باعث ان میں فولاد، کیلشیم، پوٹاشیم، پروٹین، زنک،فائبر، سوڈیم، سلینیم اور میگنیشیم خاصی مقدار میں پائے جاتے ہیں جو کہ انسانی صحت کے لئے ضروری مانے جاتے ہیں ان کے استعمال سے ذیابیطس پر کنٹرول کے ساتھ ساتھ کولیسٹرول کی سطح بہتر بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں خاص طور پ دل کی صحت اور کولیسٹرل میں کمی کے لئے موے زیادہ مقبول ہیں۔

ڈارک چاکلیٹ: کیا آپ ڈارک چاکلیٹ کے شوقین ہیں ،، ڈارک چاکلیٹ جہاں صحت کے لئے فائدہ مند ہے وہیں حد درجہ مزیدار بھی۔ایک اونس ڈارک چاکلیٹ میں 64ملی گرام چاکلیٹ کی مقدار موجود ہوتی ہے۔برطانیہ کی یونیورسٹی آف ایڈن برگ اور کیمبرج یونیورسٹی کے تحقیق کاروں کے نتائج کے مطابق میگنیشیم ایک ایسا عنصر ہے جو ڈارک چاکلیٹ، میں خاصی مقدار میں موجود ہوتا ہے یہ عنصرخلیوں کی یومیہ تبدیلی سے نمٹنے میں مدد گا ر ثابت ہوتا ہے۔

ناشپاتی : ناشپاتی ایک ناقابل یقین حد تک غذائیت سے بھرپور اور میگنیشیم کا بھرپور ذریعہ مانا جاتا ہےایک درمیانے سائز کی ناشپاتی میں58ملی گرام میگنیشیم موجود ہوتا ہےیہی نہیں ناشپاتی میگنیشیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ وٹامن اے ،وٹامن بی،پوٹاشیم ،وٹامن کے کا بہترین ذریعہ قرار دی جاتی ہے یہی نہیںناشپاتیفائبر، پوٹاشیم اور دیگر اہم اجزاء سے بھرپور ہونے کے باعث ذہنی دباو کو کم کرنے میں مددگارہے ساتھ ہی کم کیلوریز کے ساتھ جسم کو مختلف اینٹی آکسائیڈنٹس بھی فراہم کرنے کا سبب بھی۔ ناشپاتی میں وٹامن 'سی، وٹامن 'کے،فائبر ، اور کاپر جیسے اجزاء ذہنی دباو سے نجات کے ساتھ ساتھ کینسر سے تحفظ،کولیسٹرول میں کمی،بخار سے تحفظ اور ہڈیوں کے مسائل سے بچانے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

جنگ سنڈے میگزین
ہیلتھ اینڈ فٹنس
23 فروری 2025

ذیابطیس

رمضان المبارک کے روزوں سے متعلق چند عام غلط فہمیاں

معالج کی ہدایات کے مطابق محفوظ طریقے سے روزہ رکھنا قطعاً مشکل نہیں

ڈاکٹر شکیل احمد

رمضان المبارک ذہنی، جسمانی اور معاشرتی تربیت کا وہ مہینہ ہے کہ اگر ہم اس ماہ سے حاصل شدہ تعلیم و تربیت باقی ایام میں بھی اپنالیں، تو اپنے معاملات بہت بہتر بنا سکتے ہیں۔ اس ماہ مبارک میں پروردگار عالم کی رحمتوں کا نزول عام مہینوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہوتا ہے اور یہی سبب ہے کہ ذیابطیس کے مریض بھی اس ماہ سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے کی خواہش رکھتے ہیں، تاہم انھیں روزے رکھنے میں بعض مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے، اسی لیے انھیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ رمضان کریم سے قبل اپنے معالج سے رجوع کریں کہ ان کے لیے روزہ رکھنا محفوظ ہے یا نہیں۔ ماہرین کے مطابق، ذیابطیس کے مریضوں کو روزے کے دوران اپنی بلڈ شوگر باقاعدگی سے چیک کرنا ہوگی اور اگر یہ 70 ملی گرام فی ڈیسی لیٹر یا اس سے کم ہوجائے، 300 ملی گرام فی ڈیسی لیٹر یا اس سے بڑھ جائے یا شوگر گرنے کی علامات شروع



ہوجائیں، تو اُسی وقت روزہ کھول لینا چاہیے۔ البتہ، اس ضمن میں شرعی رہنمائی کے لیے علمائے کرام سے بھی رجوع کرلینا چاہیے۔

ذیابطیس کے مریضوں کو سحر و افطار میں متوازن غذا لینی ہے۔ ایسی غذائیں، جن میں نمک اور چکنائی زیادہ ہو، بہت احتیاط سے لینی ہیں۔ میٹھی ہوئی اشیاء سے احتیاط لازم ہے۔ پھلوں، سبزیوں، چھلیوں اور جھوی والے آٹے کا استعمال کرنا ہے۔ سحری میں ایک چمچ تیل میں بنا ہوا پراٹھا زیادہ بہتر ہے۔ نیز، افطار سے سحری تک پانی کا خوب استعمال کرنا ہے، جب کہ کافی اور چائے چوں کہ پیشاب آور ہوتی ہیں، لہٰذا ان کا استعمال زیادہ نہ کریں کہ یہ پانی کی کمی کا باعث بن سکتی ہیں۔ روزے کے دوران سخت جسمانی کام یا ورزش سے گریز کیجیے، خاص طور پر عصر اور مغرب کے درمیان۔ عموماً ذیابطیس کے مریضوں کے، جو رمضان المبارک کے روزے رکھنا چاہتے ہیں، طبی خطرات کا دارومدار اُن کی شوگر کی نائپ، شوگر کنٹرول اور ادویہ پر ہوتا ہے۔ شوگر کے کچھ مریضوں کے لیے روزہ رکھنے میں زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ اُن میں :

(1) وہ افراد شامل ہیں، جو انسولین یا انسولین پیدا کرنے والی گولیاں لے رہے ہوتے ہیں۔

(2) وہ افراد جن کا شوگر کنٹرول خراب ہوتا ہے۔

(3) جنہیں باقاعدگی سے شوگر لو (Low) ہونے (Hypoglycemia) سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے۔

(4) گزشتہ 3 ماہ میں اتنی شوگر گر گئی ہو کہ اسپتال داخل ہونا پڑا ہو۔

(5) وہ افراد، جنہیں شوگر لو ہونے کا پتا ہی نہیں چلتا۔

(6) ذیابطیس کے ساتھ حال ہی میں کوئی پیچیدگی لاحق ہوئی ہو، جیسے ہارٹ اٹیک وغیرہ۔

ایسے میں ضروری ہے کہ اگر آپ ذیابطیس کے ساتھ رمضان المبارک کے روزے رکھنے کی منصوبہ بندی کررہے ہیں، تو رمضان سے قبل ایک بار اپنے ڈاکٹر سے لازماً رجوع کریں تاکہ وہ آپ کی رہنمائی کرسکے۔

عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ ذیابطیس سے متاثرہ افراد ماہِ رمضان کے روزے رکھنے سے متعلق مختلف غلط فہمیوں کا بھی شکار ہوتے ہیں، جن کی وجہ سے وہ بسا اوقات مختلف طبی مسائل سے بھی دوچار ہوجاتے ہیں۔ ایسی ہی چند غلط فہمیوں کا یہاں ذکر کیا جارہا ہے تاکہ روزوں سے متعلق مریضوں کے تصورات کی اصلاح ہوسکے۔

(1) ”رمضان المبارک میں ذیابطیس کے مریضوں کو کسی خاص غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔“ ایسا ہرگز نہیں ہے۔ اگر آپ پہلے ہی سے ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق متوازن غذا لے رہے ہیں، تو آپ خواہ ٹائپ ٹو ذیابطیس کے مریض ہوں یا ٹائپ ون کے، اسی متوازن غذا کے ساتھ روزہ رکھ سکتے ہیں کہ رمضان میں ذیابطیس کے مریضوں کے لیے کسی خاص غذا کے اہتمام کی قطعی ضرورت نہیں ہوتی۔

(2) ”رمضان کے دوران ذیابطیس کے مریضوں کو اپنی انسولین یا شوگر کنٹرول کرنے کی گولیاں بند کردینی چاہئیں۔“ یہ بھی ایک عام غلط فہمی ہے اور آپ نے ایسا ہرگز نہیں کرنا۔ ہاں، البتہ اپنے ڈاکٹر کے مشورے سے انسولین یا گولیوں کی مقدار اور اوقات میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

(3) ”ذیابطیس کے مریضوں کو سحری کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔“ یہ بات بھی بالکل غلط ہے۔ ذیابطیس سے متاثرہ افراد کو تو ہر صورت سحری کرنی ہے اور کبھی بھی بنا سحری کا روزہ نہیں رکھنا، کیوں کہ ایسا کرنے سے دن میں شوگر گرنے کے امکانات بڑھ جائیں گے۔

(4) ”روزے کے دوران ورزش بہت فائدہ مند ہے۔“ ایسا نہیں ہے۔ ذیابطیس کے مریضوں کو دوران روزہ ورزش نہیں کرنی چاہیے اور ایسے افراد اگر نماز تراویح پڑھتے ہیں، تو پھر تو انھیں کسی اور ورزش کی قطعاً ضرورت نہیں۔ ہاں، اگر تراویح نہیں پڑھتے، تو رات کے کھانے سے پہلے ورزش کرلیں۔

(5) ”حاملہ خواتین، جنہیں ذیابطیس ہو، اُن کے لیے روزہ محفوظ ہے۔“ ایسا ہرگز نہیں ہے۔ پریگنینسی میں ذیابطیس کے ساتھ روزہ رکھنا خطرے، بلکہ بہت زیادہ خطرے کا حامل ہوتا ہے۔ میڈیکل ایڈوائس تو اس صورت میں روزہ رکھنے سے منع کرتی ہے، لیکن اگر ایسی خواتین پھر بھی روزہ رکھنا چاہتی ہیں، تو یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ عام ذیابطیس کے مریضوں کے برعکس انھیں زیادہ خطرات لاحق ہوں گے، لہٰذا وہ اپنے ڈاکٹر کی رہنمائی ہی میں روزہ رکھیں۔

حالیہ تحقیقات میں دیکھا گیا کہ جن خواتین نے حمل کے دوران ڈاکٹر کی نگرانی میں روزہ رکھا، وہی محفوظ طریقے سے روزہ رکھ پائیں۔

(6) ”اس بات کا فیصلہ کرنا کہ ذیابطیس کے مریضوں کو روزہ رکھنا ہے یا نہیں، ڈاکٹر کا کام ہے۔“ یہ بات بھی پوری طرح درست نہیں ہے۔ اکثر اوقات ذیابطیس کے مریض ڈاکٹر کے پاس آکر پوچھتے ہیں کہ ”ڈاکٹر صاحب! میں روزہ رکھوں یا نہیں؟“ حالاں کہ یہ فیصلہ کرنا مریض کا کام ہے۔ ڈاکٹر کے فرائض میں یہ بات شامل نہیں کہ وہ آپ کو بتائے کہ روزہ رکھنا ہے یا نہیں۔ فیصلہ تو آپ ہی نے کرنا ہے۔ ڈاکٹر تو محض ممکنہ خطرات سے آگاہ کرے گا اور ایسی تدابیر بتائے گا کہ جن کی بنیاد پر محفوظ طریقے سے روزہ رکھا جاسکتا ہے۔

(7) ”دوران روزہ شوگر چیک کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔“ نہیں جناب۔ شوگر چیک کرنے سے روزہ ہرگز نہیں ٹوٹتا۔ لہٰذا، ڈاکٹر کی ہدایات پر یا ضرورت کے مطابق دوران روزہ شوگر چیک کرسکتے ہیں۔

(8) ”رمضان میں اپنی ادویہ عام دنوں کی طرح لیتے رہنا ہے۔ صبح والی سحری میں اور شام والی افطار کے بعد۔ کسی تبدیلی کے لیے ڈاکٹر کے پاس جانے کی کوئی ضرورت نہیں۔“ ایسا ہرگز نہ کیجیے، کیوں کہ رمضان میں افطاری (تاشا) ہوتی ہے اور سحری (رات کا کھانا)، اس لیے ادویہ کی مقدار اور اوقات آپ ازخود طے نہیں کرسکتے کہ ان کا تعین کرنا، آپ کے ڈاکٹر ہی کا کام ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ رمضان سے قبل اپنی ادویہ یا انسولین کی مقدار اور اوقات کا ڈاکٹر سے تعین کروالیں تاکہ دوران روزہ آپ شوگر گرنے یا بڑھنے سے محفوظ رہیں۔

(9) ”رمضان کے روزے ذیابطیس کے ہر مریض کے لیے محفوظ ہیں۔“ ہرگز نہیں۔ رمضان المبارک کے روزے ذیابطیس کے تمام مریضوں کے لیے محفوظ نہیں ہیں، خاص طور پر ٹائپ ون کے مریضوں کے لیے تو بالکل بھی نہیں۔ یاد رہے، ذیابطیس سے متاثرہ ہر فرد کو رمضان المبارک کے روزوں سے کچھ نہ کچھ خطرہ ضرور ہوتا ہے۔ اگر آپ ٹائپ ون یا ٹو کے مریض ہیں، تو ان خطرات کے تعین کے ساتھ اپنے ڈاکٹر کی رہنمائی میں رمضان کے روزے محفوظ طریقے سے رکھ سکتے ہیں۔

(10) ”ذیابطیس کے مریضوں کو روزہ ہرگز نہیں رکھنا چاہیے۔“ یہ بات بھی

بالکل غلط ہے۔ ذیابطیس کے مریض اپنے ڈاکٹر کی رہنمائی میں محفوظ طریقے سے روزہ رکھ سکتے ہیں اور یہ بھی یاد رہے کہ شوگر کے مریضوں کو روزہ رکھنے سے بہت سے جسمانی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔

(11) ”روزہ ذیابطیس کے مریضوں میں کم زوری کا باعث بنتا ہے۔“ یہ بھی ایک غلط فہمی ہے۔ روزہ نہ صرف عام افراد بلکہ شوگر کے مریضوں میں بھی کسی قسم کی کم زوری پیدا نہیں کرتا، کیوں کہ آپ رمضان المبارک میں ناشتے کی جگہ افطار، ڈنر کی جگہ سحری اور لنچ کی جگہ رات کا کھانا لے رہے ہوتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ آپ سحری ضرور کریں، اپنی ذیابطیس پر نظر رکھیں۔ یاد رکھیں، صرف رمضان ہی میں نہیں، عام دنوں میں بھی شوگر کے مریض کم زوری محسوس کرتے ہیں۔

(12) ”میں 10 سال سے ذیابطیس کا مریض ہوں۔ رمضان میں ڈنر رات کو دیر سے کرتا ہوں اور سحری نہیں کرتا، یہ میرے لیے زیادہ اچھا ہے۔“ نہیں، بالکل بھی نہیں۔ یہ ایک غلط طریقہ ہے، جس کی ڈاکٹر حمایت نہیں کرتے۔ اگر کوئی ذیابطیس کا مریض روزہ رکھتا ہے، تو اُسے سحر و افطار لازمی کرنے ہوں گے، کیوں کہ ماہِ رمضان میں ذیابطیس کی گولیوں یا انسولین کی مقدار اور اوقات میں اس طرح تبدیلی کی جاتی ہے کہ صبح لینے والی ادویہ اور انسولین تبدیلی کے ساتھ افطار میں اور شام کو لی جانے والی ادویہ یا انسولین سحری میں لینی ہوتی ہیں۔ لہٰذا، بدلی ہوئی ادویہ کی مقدار اور اوقات اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ ذیابطیس کے مریض سحر و افطار ضرور کریں۔

اگر ہم رمضان المبارک پر غور کریں، تو اس میں سونے، جاگنے اور کھانے پینے کے اوقات میں بہت سی تبدیلیاں واقع ہوجاتی ہیں۔ لہٰذا، ذیابطیس کے مریضوں کو اپنے ڈاکٹر کی رہنمائی سے ان تینوں عوامل میں ایڈجسٹمنٹ کرنی ہوگی تاکہ محفوظ طریقے سے روزہ رکھا جاسکے۔ مَیں گزشتہ کئی برسوں سے کراچی کے ایک بڑے ادارے سے منسلک ہوں، جس کے دوران مَیں نے مشاہدہ کیا کہ ذیابطیس کے مریض، ڈاکٹر کی رہنمائی میں بہت اچھی طرح اور خطرات سے بچتے ہوئے روزہ رکھتے ہیں اور اس کے فوائد سے بھی بہرہ مند ہوتے ہیں، تو دوران روزہ ذیابطیس کی پیچیدگیوں اور خطرات سے بچنے کے لیے ڈاکٹر سے رابطے میں رہیں اور اُن کی تجویز ادویہ یا انسولین اُن ہی اوقات میں لیں، جو اُنھوں نے بتائے ہیں۔ نیز، اگر کوئی مسئلہ درپیش آئے، تو از خود یا دیگر افراد سے مشورے کی بجائے ڈاکٹر ہی سے رابطہ کیجیے۔

(مضمون نگار، کنسلٹنٹ ڈائی بیٹالوجسٹ اور اینڈوکرائنولوجسٹ ہیں، جب کہ کالج آف فیملی میڈیسن، کراچی کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر بھی ہیں)

PCDA REPORTERS

Dr. Mohsin Raza reports from Raheem Yar Khan Chapter

Diabetes Management in Ramadan

Soon after the Certificate Training Course in the city, Dr. Mohsin Raza addressed to another symposium in Raheem Yar Khan. The topic was "Diabetes Management in Ramadan" Primary health care physicians from various parts of the city participated in it. Prof. Dr. Akmal Hussain, head of medical unit-I of Shaikh Zaid Hospital Rahim Yar Khan addressed as the expert on the topic

Dr. Mohsin Raza talking to the participants said that



managing diabetes during Ramadan requires careful planning to ensure safety while observing the fast. The most important one is Pre-Ramadan Preparation.

The Healthcare Providers should engage the diabetic patients 6 to 8 weeks before Ramadan to assess their health status and receive personalized advice.

Structured Education is also very important. The patients should participate in educational sessions to understand the implications of fasting on diabetes and learn self-management strategies.

Talking about Dietary Recommendations, he said the patients should consume a balanced meal rich in fiber, healthy fats, and proteins to provide sustained energy. Include items like avocados, nuts, and hydrating fruits and vegetables.

At Iftar (Evening Meal): Open the fast with water and fiber-rich dates, followed by moderate portions of nutritious foods. Avoid overeating to prevent blood sugar spikes.

Hydration must be assured . Prioritize water and sugar-free fluids during non-fasting hours. Avoid sugary drinks and caffeinated beverages, as they can lead to dehydration.

Physical Activity should also be encouraged. Limit strenuous activities during fasting hours. Engage in light exercises, such as walking, after sunset to maintain physical activity without risking hypoglycemia.Talking about adjustments of dosages he said modify medication dosages and timing to align with fasting and meal schedules, reducing the risk of hypoglycemia or hyperglycemia. Regularly monitor blood glucose levels, at least twice daily, and more frequently if on insulin therapy, to detect and manage fluctuations promptly. Hypoglycemia: If blood sugar levels drop below 70 mg/d, it's essential to break the fast to prevent severe hypoglycemia.

Similarly, if blood sugar exceeds 300 mg/dL breaking the fast is advisable to avoid complications.

Dr\. Mohsin said that Risk Assessment should be done much before Ramadan. High-Risk Individuals are those with poorly controlled diabetes, frequent hypoglycemia, or other serious health conditions are generally advised against fasting due to increased risks.

Prof. Dr. Akmal Hussain giving his expert opinion emphasized on timely evaluating the expected risks associated with fasting during Ramadan. He said every person is an individual, and should be evaluated individually. Guidelines are made to give a working framework, yet guidelines can not be applied on every patient uniformly. They must have to be individualized on the basis of their personal features & parameters, co-morbidities and the target organ diseases. Dr. Mohsin thanked Dr. Akmal and all the participants.

PCDA REPORTERS

Dr. Irfan Shokat reports from Multan Chapter

Head of Multan Chapter of PCDA-Pakistan and renowned diabetologist, Dr. Irfan Shokat a Free Medial and screening camp in Multan Islamic Center Suraj Miani. During the camp around 150 patients were tested for blood sugar, cholesterol and uric acid. After consultation they were provided free medicines as per their need.

Dr. Irfan Nazeer Soomro reports from Jacobabad Chapter

Head of Jacobabad Chapter of PCDA-Pakistan, Dr. Nazeer Soomro organized a mega diabetic camp on 21 Feb'25 at Dera Allah Yar Balochistan. During the camp hundeds of the area people were screened for blood sugar and cholesterol. Free medicines were also distributed among the diagnosed patients.

Lecture on "Diabetes And Ramadan" by Dr. Nazeer Soomro

Head of Jacobabad Chapter of PCDA Pakistan, Dr. Nazeer Soomro delivered a lecture in Hoter Al-Harmain Jacobabad on 21st. Feb'25. The primary Care Physicians from various parts of Jacobabad attended the lecture.

During the lecture the speaker focused on the risk stratification of the diabetic persons willing to fast. He highlighted the importance of structured education of the people with diabetes who want to fast durin Ramadan.

Fasting during Ramadan is a significant spiritual practice observed by Muslims worldwide, involving abstention from food and drink from dawn to sunset. While many healthy individuals can fast safely, it's important to be aware of potential health risks, particularly for those with pre-existing medical conditions.

Dr. Nazeer told the attendees that the prohibition of water intake during fasting hours can lead to dehydration, especially in hot climates or during longer days. Symptoms may include dizziness, headaches, and fatigue. Individuals with kidney issues should exercise caution, as dehydration can exacerbate their condition.

He said that changes in meal timing and composition can affect blood pressure. While some studies suggest that Ramadan fasting may lower blood pressure, others have shown mixed results. Individuals with hypertension or heart conditions should monitor their health closely during fasting.

Dr. Nazeer stressed on the glycemic control. He said fasting can impact blood sugar regulation, posing risks for individuals with diabetes. Potential complications include hypoglycemia (low blood sugar), hyperglycemia (high blood sugar), and diabetic ketoacidosis. It's crucial for diabetic patients to consult healthcare professionals before deciding to fast.

He said that altered eating patterns during Ramadan might lead to inadequate nutrient consumption. Ensuring balanced meals during pre-dawn (suhoor) and sunset (iftar) meals is essential to maintain energy and nutrient levels.

Dr. Nazeer reminded the altered schedule of meals and prayers can disrupt normal sleep patterns, potentially leading to sleep deprivation and associated health issues.

Fasting may pose risks such as inducing labor or causing gestational diabetes. It's advisable for pregnant or breastfeeding women to consult healthcare providers before fasting. Also those with conditions like kidney disease, heart ailments, or other chronic illnesses should seek medical advice prior to fasting, as it may exacerbate their conditions. Older adults may have diminished physiological reserves, making them more susceptible to dehydration and other fasting-related complications.

Dr. Nazeer said that it's essential for individuals to assess their health status and consult with healthcare professionals before participating in fasting during Ramadan, especially if they have underlying health conditions.

Islamic teachings provide exemptions for those who are ill, pregnant, elderly, or facing health risks, emphasizing that health should not be compromised during this holy month.

Dr. Sohail Shokat reports from Sahiwal Chapter

Head of the Sahiwal chapter of Pakistan organized Round table discussions programs for the primary care physicians of the city at 4 different places .Simultaneously the patients awareness sessions and Free Sugar camps were also arranged, which were attended a large number of general people. These programs were held in Malika Haans, Sahiwal, city of Waris Shah, Punjabi poet, writer of a Love story of Heer and Ranjha.

Here are some glimpses of the programs.

PCDA SEHRI SEMINAR 2025

Invitation

2:00 am to 4:00 am

16th Mar, 2025

Marriott Karachi.

Moderator:

Dr Asima
President Elec
PHD. Scholar university of York
Diabetes & Endocrine Specialist

Speakers:

Dr. Ali Asghar
MRCP(UK), FACE(USA), FRCP(Edin)
Consultant Endocrinologist and Diabetologist
L.N.H. KHI.
President-Elect, Pakistan Endocrine Society

Role of Nebivolol in Hypertension and Diabetic Hypertensive Patient

Dr. Shahid Akhter
M.B.B.S (Dow), Dip.Diab (UK Diabetes),
Dip. Diab (CFM Pakistan)
General Secretary PCDA Pakistan

Role of Tripple Combination in Ramdan

Expert Panelists:

Prof Dr Zeeshan Ali
Professor & Head of Department of Medicine
Jinnah Postgraduate Medical Center Karachi

Prof Dr M. Zaman Shaikh
Director & Professor of Medicine
Sir Syed Institute of Health and Sciences
Karachi

Prof Dr Abdul Rasheed
Consultant Cardiologist
Ex. Executive Director KIHD
Ex HOD Card Abbasi Shaheed
Prof at Cardiac Medicare

Sponsored by SEARLE

Prevention First Newsletter-Online

Dear Readers;

Prevention First Newsletter is the official newsletter issued by the Publications Committee of PCDA (Primary Care Diabetes Association Pakistan). The paper version is printed on the occasion of every mega event by PCDA Pakistan.
Prevention First Newsletter has limited circulation, to be circulated among members only.
PFN-Online is the online version of Prevention First Newsletter, which is published to the social media groups of PCDA Pakistan on the 15th. day of every month.
PFN-Online publishes the reports and photographs of the activities of PCDA and its chapters across the country.
Reports of only those events are included in PFN-Online which are managed under the platform of PCDA. Better choose and send the pictures with name or logo of PCDA.
The Publications Committee and the Editorial Board of Prevention First Newsletter, have right to accept or reject any material sent for publication.
Articles, pictures or any other material for PFN-Online can be directly sent to any member of the Publications Committee and the Editorial Board.
Or E-mail to:preventionfirstnewsletter@gmail.com and pcda.pak@hotmail.com

In charge PFN-Online

SCAN FOR THE MEMBERSHIP OF

PCDA STEP DEW